ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | بدھ 03 دسمبر 2025ء، 11 جمادی الثانی 1447ھ، 06 مگھر 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 211

آزاد کشمیر میں زلزلہ متاثرہ منصوبوں کیلئے 44 بلین سے زائد کے فنڈز کی عدم دستیابی شدید مسئلہ

919 منصوبوں پر کام جاری فنڈز نہ ملنے کے باعث ان منصوبوں پر تعمیراتی کام تعطل کا شکار ہے جبکہ 811 منصوبوں پر فنڈز کی قلت کے باعث کام ابھی تک شروع ہی نہیں کیا جا سکا ہے

منظم منصوبہ بندی کا فقدان، دو لاکھ بچے اور بچیاں انتہائی کرم و سرد موسم میں کھلے آسمان تلے تعلیم حاصل کرنے پر مجبور، بطور قوم اپنی ذمہ داریوں کا ادراک، احتیاطی تدابیر اختیار کرنے پر زور

مظفرآباد (دھرتی نیوز) سیکرٹری سید اظہر نقوی مرزا نے کہا ہے کہ پانی کے قدرتی راستوں پر تعمیرات کی اور سیوریج سسٹم کے ٹھیک نہ ہونے کے باعث ہر سال ہزاروں لوگ سیلابوں سے متاثر ہوتے ہیں۔ ہمارا ہدف ہے کہ ہم ان تمام مسائل کا حل تلاش کریں تاکہ عوام کو ریلیف دیا جا سکے۔ ہم ایسا ماحول پیدا کریں جہاں ہر شہری اپنی ذمہ داری محسوس کرے اور ہم مل کر ایک محفوظ کشمیر کی تعمیر کریں

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

باغ عوام کے حقوق اور ترقیاتی منصوبوں کا چوکیدار ہوں، میر اکبر

ترقیاتی منصوبوں میں اگر کسی قسم کی رد و بدل، تبدیلی یا خاصے کی کوشش کی گئی تو اس کے سنگین اور بھیانک نتائج برآمد ہونگے

30 کلومیٹر سڑکیں تعمیر کروائیں، جن میں 20 کلومیٹر سڑکیں اور 10 کلومیٹر ریکارڈ لیشننگ شامل ہے، سابق وزیر حکومت

باغ (اے ایف پی) سابق وزیر حکومت و ممبر قانون ساز اسمبلی مشرقی باغ سردار میر اکبر خان نے واضح کیا ہے کہ حلقہ مشرقی باغ میں ان کے دور حکومت میں وہ کیے گئے ترقیاتی منصوبوں میں اگر کسی قسم کی رد و بدل، تبدیلی یا خاصے کی کوشش کی گئی تو اس کے سنگین نتائج سامنے آئیں گے۔ انہوں نے اپنے دور حکومت میں مشرقی باغ کے دیہی علاقوں کو مقرر کئے ہوئے 30 کلومیٹر سڑکیں تعمیر کروائیں، جن میں 20 کلومیٹر سڑکیں اور 10 کلومیٹر ریکارڈ لیشننگ شامل ہے۔ اس کے علاوہ حلقے میں 23 شمسی ادارے سے اب اپ گریڈ کیے گئے، تاکہ نوجوان نسل کو مقررہ سہولیات میسر آ سکیں۔ (پیج 3 کالم 02)

مظفر آباد سنڈر کی کلچ کے باعث مکان میں آتشزدگی

ایک شخص زخمی، ریسکیو اداروں کی بروقت کاروائی، واقعہ پر اظہار افسوس

مظفر آباد (اے ایف پی) کمرہ سنڈر میں کلچ کے باعث رہائشی مکان میں آتشزدگی، ایک شخص معمولی زخمی، ریسکیو 1122 نے اطلاع ملنے پر بروقت کاروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا، نقصانات کا سلسلہ جاری۔ سابق امیدوار و سوہنی کوٹہ کے مقام پر افاقی تھوی کے گھر سنڈر کلچ کے باعث آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا جس کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کے عملے نے ہمراہ میڈیکل ریسکیو ہیلکاپٹر کے ساتھ موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پا لیا۔ (پیج 49 کالم 03)

اے سی شمالی وزیرستان کی گاڑی پر حملہ، 4 اہلکار جاں بحق

حملہ آور پولیس اہلکاروں سے اسلحہ چھین کر لے گئے، اسسٹنٹ کمشنر بنوں

بنوں (صباح نیوز) بنوں میں اسسٹنٹ کمشنر شمالی وزیرستان شاہ ولی کی گاڑی پر حملے کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکاروں سمیت 4 افراد جاں بحق ہو گئے اور 2 زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق بنوں میں پیر شاہ روڈ پر پولیس کی گاڑی پر حملہ کیا، نامعلوم مسلح افراد نے پولیس اہلکاروں سے اسلحہ بھی چھین لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ 4 افراد کے قتل میں 2 پولیس اہلکاروں سمیت (پیج 48 کالم 03)

پنجاب، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ہزاروں چالان

63 ہزار 970 گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو جرمانے کیئے گئے، رپورٹ

لاہور (صباح نیوز) پنجاب بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کریک ڈاؤن کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔ ترجمان ٹریفک پولیس پنجاب کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے میں 63 ہزار 970 گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو چالان کیے گئے، اس دوران 8 کروڑ 42 لاکھ 90 ہزار روپے کے جرمانے عائد ہوئے۔ ٹریفک پولیس ترجمان کا کہنا ہے کہ (پیج 47 کالم 03)

مجاہدین کی گرفتاریوں کو فوری روکا جائے، سرایا القدس

مغربی کنارے کے شہروں پر کوئی نئی حقیقت مسلط نہیں کرنے دیں گے

غزہ (صباح نیوز) اسلامی جہاد کے عسکری ونگ سرایا القدس کے ایک ترجمان نے کہا ہے کہ جابرین کی گرفتاریوں اور قیادت کو فوراً روکا جائے، قابض اسرائیل کی باتوں سے مغربی کنارے کے شہروں اور کیمپوں میں اپنی ناکامی کو چھپانے کے لیے بدنام زمانہ "ایفاد کارروائیوں" کا بھرپور پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، ہم اس منصوبے کے لیے اس نے نارکٹ نکلنے اور اسرائیل کی جانوں سے مغربی کنارے کے شہروں اور کیمپوں میں اپنی ناکامی کو چھپانے کے لیے بدنام زمانہ (پیج 34 کالم 03)

بنیاں بالا: یونین کونسل میں بجلی اور شیڈ گیس کے خلاف تاجروں کا احتجاج

پیرہ، 2 کشتیاں لینڈ سلائیڈنگ کی زد میں آگئیں، 13 افراد ہلاک

لیما (صباح نیوز) جنوبی امریکا کے مغرب میں واقع ملک جمہوریہ پیرو میں 2 کشتیاں لینڈ سلائیڈنگ کی زد میں آگئیں 13 افراد ہلاک اور 20 زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حادثہ پیرو میں سنائی بندرگاہی علاقے ایکوریا میں پیش آیا جس کے نتیجے میں ایک (پیج 33 کالم 03)

کشمیری ہندو خاتون کی چتا جلانے مسلمان کیسے پہنچ گئے

سری نگر (اے ایف پی) جموں کشمیر کے مسلمانوں نے ایک بزرگ کشمیری پنڈت خاتون کی آخری رسومات نہایت عزت، وقار اور پنڈت روایات کے عین مطابق ادا کر کے انسانیت اور بھائی چارے کی شاندار مثال قائم کی ہے۔ جنوبی کشمیر کے مسٹمل رہائشی ہندوؤں کو پنڈت کہا جاتا ہے۔ وادی میں کشمیری پنڈتوں کی تعداد (پیج 35 کالم 03)

مقبوضہ کشمیر، کٹھوعہ ضلع کے کئی علاقوں کا محاصرہ

جموں (اے ایف پی) بھارتی پارا فورسز، سکیورٹی فورس (پی ایس ایف) نے کٹھوعہ ضلع کے دریا پیک گاؤں سمیت کئی دیہاتوں کا محاصرہ کر لیا ہے جس سے وہاں شہریوں کے گھروں کی جامع کی جا رہی ہے۔ گاؤں اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں گھر گھر جھڑتی کی اور تلاشی (پیج 36 کالم 03)

مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا سلسلہ

کنٹرول لائن پر 69 لانچنگ پیڈز موجود ہیں جن میں تقریباً 100-120 افراد دراندازی کے منتظر ہیں

ملک کی ضبطی اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا جواز پیش کرنے کیلئے اس طرح کے بے بنیاد دعووں کا سلسلہ

سری نگر (اے ایف پی) مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج اور بھارتی فورسز انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں کی پردہ پوشی کے لیے جواز پیش کر رہی ہیں۔ کنٹرول لائن پر بھارتی فوج اور دراندازی کے بے بنیاد پروپیگنڈے کو رد کرتے ہوئے کرنیل تاروی، کرنیل اور انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں کی پردہ پوشی کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ بھارتی پارا سکیورٹی فورس کشمیر کے ایک بریگیڈیئر کے کرنیل جنرل اشک بند نے حال ہی میں دعویٰ کیا ہے کہ کنٹرول لائن پر 69 لانچنگ پیڈز موجود ہیں جن میں تقریباً 100-120 افراد دراندازی کے منتظر ہیں۔ گجر بکروال کاروں نے (پیج 38 کالم 03)

مظفر آباد: جماعت اسلامی آزاد کشمیر گلگت بلتستان کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کرپشن سب سے بڑا کاروبار بن چکا ہے، ڈاکٹر مشتاق

وزیراعظم پبلک سروس اور این ٹی ایس کے ذریعے میرٹ پر تقرریاں کریں

مظفر آباد (صباح نیوز) جماعت اسلامی آزاد کشمیر گلگت بلتستان کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان نے کہا ہے کہ کرپشن کی وجہ سے کرپشن ریاست میں سب سے بڑا کاروبار بن چکا ہے، کرپشن و ناانصافی نے معاشرے کی چولیں ہلا کر رکھ دی ہیں، جماعت اسلامی کسی بھی سیاسی جماعت کے خلاف جدوجہد کر رہی ہے، وزیراعظم پبلک سروس کمیشن اور این ٹی ایس کے ذریعے میرٹ پر تقرریاں کریں، مہنگائی اور ظلم نے نوجوانوں کا استحصال کیا ہے، سرکاری وسائل کو اشرافیہ (پیج 39 کالم 03)

حیدرآباد کے معروف سابق کرکٹر معین خان انتقال کر گئے

حیدرآباد (صباح نیوز) شہر کے معروف کرکٹر اور محبوب اسپورٹس کرکٹ کلب کے کپتان، معین خان رات بجے 65 برس کی عمر میں دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے۔ معین خان رات بجے شہری اسپورٹس ہاسپٹل میں ایک نجی ادارہ میں کام کرتے تھے اور نوجوان کرکٹرز کی تربیت (پیج 40 کالم 03)

وومن فارم میں ختم نبوت کا حلف نامہ شامل کیا جائے، مفتی محمود الحسن

ووٹ اندراج فارم میں پاکستان کے فارم نمبر 21 کی طرح ختم نبوت کا حلف نامہ فوری طور پر شامل کیا جائے

حلف نامہ شامل نہ کیا گیا تو عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت آزاد کشمیر الیکشن بائیکاٹ مہم چلائے گی، اجلاس کے دوران دھمکی

باغ (اے ایف پی) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت آزاد کشمیر کی زیر نگرانی منعقدہ آزاد کشمیر کا علاقہ شمالی اجلاس جامعہ دارالعلوم تعلیم القرآن باغ آزاد کشمیر میں مولانا مفتی محمود الحسن شاہ سعودی سرپرست اعلیٰ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت آزاد کشمیر کی زیر صدارت اور مولانا امین الحق فاروقی کی زیر نگرانی منعقدہ اجلاس میں آزاد کشمیر کی تمام اضلاع سے مرکزی عہدیداروں نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا مفتی محمود الحسن شاہ سعودی، مولانا امین الحق فاروقی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن ایکٹ 2026ء سے پہلے آزاد کشمیر ووٹ اندراج فارم میں پاکستان کے فارم نمبر 21 کی طرح ختم نبوت کا حلف نامہ شامل کر کے مسلم اور غیر مسلم ووٹر لسٹوں کی الگ تدوین کی جائے۔ آزاد کشمیر کے صدر اور وزیر اعظم کے حلف نامہ کی عبارت پاکستان (پیج 51 کالم 03)

باغ: وزیر مواصلات سردار شیاء الحمر و رابطہ شاعت، پروفیسر آصف خان و دیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کشمیر اڑ ضلع کے دو یہات کے 40 ہزار کنبے ہجرت پر مجبور

جموں (اے ایف پی) مقبوضہ کشمیر کے کشمیر اڑ ضلع کے دو یہات کے 40 ہزار کنبے زندگی کی بنیادی سہولیات کی عدم موجودگی کے باعث ہجرت کرنے پر مجبور ہیں۔ مرہاما اور داروان دیہات انتہائی پسماندہ ہیں۔ ان دونوں علاقے میں وجہ ہجرت حتمی ہے یہ علاقے چوبا دگ، آٹھ سے چار، وٹنی برف کے پیچھے ہیں۔ جہاں سے پوری آبادی دنیا سے کٹ جاتی ہے۔ علاقے کے مکینوں (پیج 53 کالم 03)

برطانیہ میں آئندہ ہفتے شدید برفباری کا الرٹ جاری

لندن (صباح نیوز) برطانیہ میں آئندہ ہفتے شدید برفباری کا الرٹ جاری کر دیا گیا۔ برطانوی میڈیا کا کہنا ہے کہ 9 اور 10 دسمبر کو انگلینڈ اور سکاٹ لینڈ میں برفباری کا امکان ہے (پیج 54 کالم 03)

پیپلز پارٹی کا اقتدار عوام کی امانت ہے، سردار ضیاء القمر

شرقی اور سطحی میں برابری کی بنیادوں پر تعمیر و ترقی کا آغاز ہوگا، خطاب

باغ (اے ایف پی) پیپلز پارٹی کا اقتدار عوام کی امانت ہے، شرقی و سطحی میں برابری کی بنیاد پر تعمیر و ترقی کا آغاز ہوگا، کبھی بھی اقتدار کو ذاتی مفاد کی خاطر استعمال نہیں کیا جائے گا، آزاد کشمیر کی خاندانی نہیں ہوئی، کوئی سال کے حل کے لیے آج بھی پیپلز پارٹی پر اعتماد کرتے ہیں، وسطی باغ کے تمام برادریوں نے آئندہ انتخابات کے لیے پیپلز پارٹی کے حق میں ووٹ دینے کا اعلان کیا ہے، سردار القمر کی تمام برادریوں نے کشمیر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی کے کارکنوں کی قربانیوں کی وجہ سے آج پیپلز پارٹی کو اقتدار ملا ہے، ہم نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے، ہم نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے، ہم نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی

بقیہ 1

پانی ہی جاری ہے، آذاد کشمیر میں اسمارٹ میٹر لگانے میں اتنی دلچسپی کیوں ہے کتنے اور شہری ہیں جو بجلی بل ادا نہیں کر سکتے اور شہری ہیں جو بجلی کے بل ادا نہیں کر سکتے، آذاد کشمیر کے عوام کو بھی غیر قانونی طریقے سے بجلی دی جاتی ہے، آذاد کشمیر کے عوام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ کی بجلی کنیکشن کاٹ دیا جائے گا، اطلاع کا طریقہ کار کیا ہے، ان سے قرقی کیسے ہوگی، آذاد کشمیر کی حکومت کا ایک اور معجزہ ہے، آذاد کشمیر کوئی غیر ملکیوں کا ملک نہیں ہے وہاں کے افراد کی قربانیوں کے نتیجہ میں یہ ملک وجود میں آیا، آذاد کشمیر کوئی غیر ملکیوں کا ملک نہیں ہے وہاں کے افراد کی قربانیوں کے نتیجہ میں یہ ملک وجود میں آیا، آذاد کشمیر کے عوام کو بھوکا رکھ کر، بجلی کے بل ادا نہیں کر سکتے ہیں، عوام کی کوئی تعداد ہے جو

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com Mdailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ★ ایڈیٹر: عمر خیام

سفارتی روابط، سیاحت اور کشمیر کاز

راولاکوٹ میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر کا دورہ بلاشبہ ایک اہم سفارتی پیش رفت ہے جو نہ صرف دو برادر اسلامی ممالک کے تعلقات کو مضبوط بناتا ہے بلکہ کشمیر کاز کے لیے بھی تقویت کا باعث بن سکتا ہے۔ ایسے دورے خطے میں باہمی اعتماد، ثقافتی ہم آہنگی اور معاشی تعاون کے نئے امکانات کو جنم دیتے ہیں۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ مہمان سفارتکار نے آزاد کشمیر کے قدرتی حسن، سیاحتی امکانات اور وسائل کی فراوانی کا اعتراف کیا۔ آزاد کشمیر واقعی قدرتی مناظر، جنگلات، دریاؤں اور معدنی وسائل سے مالا مال خطہ ہے جسے بروئے کار لا کر نہ صرف مقامی معیشت کو مستحکم کیا جا سکتا ہے بلکہ بین الاقوامی سیاحت کے فروغ کے ذریعے خطے کی شناخت کو عالمی سطح پر اجاگر کیا جا سکتا ہے۔ سیاحت کے فروغ کے لیے بنیادی ڈھانچے، بالخصوص ائیر پورٹ جیسے منصوبوں کی ضرورت پر زور بھی بروقت اور حقیقت پسندانہ ہے۔ اس دورے کی سب سے اہم جہت کشمیر کے عوام کے حق خودارادیت کے حوالے سے سفارتی حمایت کا اعادہ ہے۔ مسئلہ کشمیر صرف ایک علاقائی تنازع نہیں بلکہ ایک دیرینہ انسانی اور سیاسی مسئلہ ہے جس کا منصفانہ حل کے لیے عالمی برادری کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا جائز حق دلانے میں کردار ادا کرے۔ برادر ممالک کی اخلاقی اور سفارتی حمایت اس جدوجہد میں حوصلہ افزا ثابت ہو سکتی ہے۔

پاکستان اور بنگلہ دیش کے عوام کے درمیان تاریخی، مذہبی اور ثقافتی رشتے موجود ہیں۔ ان روابط کو سیاحت، تجارت، تعلیمی تبادلے اور سفارتی تعاون کے ذریعے مزید مستحکم کیا جانا چاہیے۔ ایسے دورے دونوں ملکوں کے درمیان غلط فہمیوں کے خاتمے اور مثبت بیانیے کے فروغ میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

یہ دورہ اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ فعال سفارت کاری، علاقائی تعاون اور عوامی روابط ہی بہتر مستقبل کی ضمانت ہیں۔ آزاد کشمیر کی خوبصورتی اور کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کے لیے بین الاقوامی سطح پر مضبوط آواز بلند کرنے کی ضرورت ہے اور ایسے دورے اس سمت ایک خوش آئند قدم ہیں۔

خواتین کا تحفظ

عورت کا احترام ہر انسان پر لازم ہے لیکن افسوس کہ آج کے اس ترقی یافتہ اور مہذب دور میں بھی دنیا بھر کی عورت مختلف صورتوں میں ظلم و ستم کا سامنا کر رہی ہے۔ انسانی حقوق سے وابستہ تمام عالمی تنظیمیں اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں، ان کے پاس ایسے متعدد شواہد اور تفصیلی رپورٹس موجود ہیں جن میں دنیا کے کئی ممالک میں عورت کے ساتھ زیادتی، تشدد، نفسیاتی یا جسمی نقصانات، دارفی جانی ہے۔ یہ عالمی تنظیمیں اعلیٰ سطح پر آواز بھی اٹھاتی ہیں، تھکتوں کو سفارشی انداز میں مصروف سرزنش کی جاتی ہے یا کہنا کیرکی جاتی ہے کہ خواتین کے تحفظ کے لیے متوثر اور ٹھوس قوانین وضع کیے جائیں، پاکستان میں خواتین پر ہونے والے ظلم و ستم اور تشدد کی وارداتوں سے پوری دنیا آگاہ ہے، شاید ہی کوئی دن ایسا آتا ہو جب میڈیا میں عورت کے ساتھ کسی نہ کسی قسم کی ناانصافی دیکھنی یا سننے میں نہ آتی ہو، تاہم اس کے باوجود تلک کا کوئی ادارہ، خصوصاً وزارت قانون، جس کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ ملک میں قانون کا نفاذ یقینی بنائے اور اس پر عمل درآمد کو قائم و دائم کے باوجود شرمناک انداز میں خاموش ہے، آج کا دور میڈیا کے ذریعے اپنا آغاز کر چکا ہے، اس کے باوجود ہم پر خاموشی لگا دینا شاید بہتر ہو، جانتے ہیں کہ عورت کے ساتھ زیادتی اور جنسی جرم کی ناانصافی زیادتی یا ہے جس کی خبر شرمناک ہوتی ہے، اس کے باوجود تلک کا کوئی ادارہ، خصوصاً وزارت قانون، جس کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ ملک میں قانون کا نفاذ یقینی بنائے اور اس پر عمل درآمد کو قائم و دائم کرے، اپنا کردار ادا نہیں کر رہا، یہ ایک افسوسناک صورتحال ہے، ہم اس کو خاموشی کا نام دیں یا کچھ اور، یہ ہم پر منحصر ہے، ہم اس کو کیا نام دیں